میں ہسپتال سے گھر واپس جا رہا تھا کہ راستے میں

میں ہسپتال سے گھر واپس جا رہا تھا کہ راستے میں ایک سبزی والے کی دکان پر سب لوگ ایک بچے سے اظہار ہمدردی کر رہے تھے .یہ سب لوگ جاننے والے تھے سو میں نے رک کر پوچھا .خیر تو ہے ؟ انہوں نے بتایا. کہ کل اسکے ابو کا پاؤں کاٹ دیا جائے گا. کیوں ؟؟؟ اسے ذیابیطس ہے. .اسکے دائیں پاؤں کے تلوے میں زخم ہوگیا ہے .جس کی وجہ سے گھٹنے تک ٹانگ کالی ہو گئی ہے . مریض فوجی فاؤنڈیشن ہسپتال راولپنڈی میں زیر علاج ہے . سابقہ فوجی ہے سو اسے مفت علاج کی سہولت حاصل ہے . میں . نے پوچھا کہ اب مریض کہاں ہے ؟ انہوں نے کہا کہ گھر پر ہے صبح لے کر جانا ہے

.میں نے انہیں کہا کہ کل نہ لے کر جائیں تو ایک ہفتہ مل جائے گا. اس ایک ہفتے میں انشاءاللہ یہ زخم کافی بہتر ہو جائے گا اور انہیں ہائپیریکم اور کیلنڈولا کے مدرٹنکچرز لا کر ..ہائیپریکم مدر ٹنکچر کے سو قطرے دو گلاس گرم پانی میں ڈال کر اس .سے صبح دوپہر شام ٹکور کرنے اور اسکے بعد کیلینڈولا مدر ٹنکچر کی پٹی کرنے کو کہا

دو دن میں پاؤں کی سوجن کافی کم ہو گئی .اور رنگت میں بھی کافی تبدیلی آگئی . اس لئے وہ مریض کو لے کر میرے پاس آ گئے. پاؤں کے تلوے میں بہت گہرا زخم تھا .زخم کے کنارے کالے سیاہ تھے. باقی پاؤں ٹھیک لگتا تھا مگر ٹخنے سے اوپر ٹانگ . گھٹنے تک کالی ہو گئی تھی

.ذیابیطس کے زخموں میں لیکسس آرسینک اور انتھراکسینم کی ضرورت پڑتی ہے
. زخم کے کنارے سیاہ ہوں تو لیکسس ..سفید ہوں تو آرسینک البم.. اور زخم میں جلن دار درد ہو تو انتھراکسینم دی جاتی ہے .سو اسے لیکسس 200 کی چار خوراکیں دے دی گئیں. اور ہائیپریکم اور کیلینڈولا مدر ٹنکچرز کا استعمال جاری رکھنے کو کہا گیا

لیکسس سے پہلے تو بے تحاشہ پیپ خارج ہوئی اور پھر آہستہ آہستہ زخم ٹھیک ہونے لگ گیا. پندرہ دن کے بعد لیکسس دوہرائی .گئی. ظاہر ہے 200 میں
.ایک ماہ میں ٹانگ کی رنگت بالکل ٹھیک ہو گئی اور تلوے کا زخم مکمل طور پر ٹھیک ہو گیا

اکثر مریض تو صرف ہائیپریکم اور کیلنڈولا کے استعمال سے ہی ٹھیک ہو جاتے ہیں. ہاں اگر خون کی نالی بند ہونے سے پاؤں .خراب ہو رہا ہو "سیکیل کار " کار آمد دوا ہے

TALB E DUA Ź NAVEED REHMAN
03325863430 what's up & mobile